# Aaj Ki Naiki-2025

## اذکار

1: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا فِي الْأَرْضِ وَمَا فِي السَّمَاءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا فِي الْأَرْضِ وَمَا فِي السَّمَاءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا أَحْصَى كِتَابُهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا أَحْصَى كِتَابُهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِثْلَهُنَّ

Praise be to Allah to the amount of what He created, praise be to Allah to the quantity that fills what He created, , praise be to Allah to the amount of what He created in the earth and the heavens, praise be to Allah to the amount of what is in the earth and the heavens, praise be to Allah to the amount of what is enumerated in His Book praise be to Allah to what fills in His Book, praise be to Allah to the amount of everything, praise be to Allah to that which fills everything and Glory be to Allah, similar to them.

میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں اسکی مخلوق کی گنتی کے برابر میں اور اللہ کی تعریف کرتا ہوں جس سے اسکی مخلوقات بھر جائیں، اور میں اللہ کی تعریف کرتا چیزوں کی گنتی کے برابر جو زمین اور آسمانوں میں

ہیں اور اللہ کی تعریف کرتا ہوں جس سے جو زمین اور آسمانوں میں ہیں بھر جائیں، اور تعریف کرتا ہوں ان چیزوں کی گنتی کے برابر جنہیں اسکی کتاب نے شمار کیا ہے اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں اس پر جو اسکی کتاب نے شمار کیا ہے اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں ہر چیز کی گنتی کے برابر اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں، جس سے ہر چیز بھر جائے اور پاکی بیان کرتا ہوں ان سب کے برابر۔

2: يَا رَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَعَظِيمِ سُلْطَانِكَ

O Lord, to You is praise as befits the Glory of Your Face and the greatness of your Might.

اے اللہ! تیری ایسی تعریف جیسے تیری شان و شوکت والی ذات اور تیری عظیم بادشاہت کے شایان شان ہو۔

3: لَآ إِلَٰهَ إِلَّا ٱللَّهُ

There is no God but Allah.

اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں۔

4: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ وَلَآ اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ


www.arrahma.org |

Glory be to Allah and Praise to Allah, and there is no God But Allah, and Allah is the Greatest and there is no power and no strength except with Allah.

پاک ہے اللہ اور ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

## 5: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

There is no power and no strength except with Allah.

گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ (صحیح مسلم)

## 6: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

O Allah! I ask You because all praise belongs to You. There is no god but You, You are One with no partner. You are the Most Generous, the Creator of the heavens and the earth.O Lord of Majesty and Honor, O Ever-Living, O Sustainer.

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بوجہ اس کے کہ سب تعریف تیرے لیے ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں بہت احسان کرنے والا،

آسمانوں اور زمین کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا، اے بزرگی اور عزت والے، اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اور اے ہمیشہ قائم رہنے والے۔

7: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ

There is no God except Allah Alone, no partner has He. To Him belongs the dominion and to Him belongs all praise and He is over all things All Powerful. There is no power and no strength except with Allah. Glory be to Allah and Praise to Allah, and there is no God but Allah, and Allah is the Greatest.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کے لیے تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ پاک ہے اللہ اور ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

8: رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا


www.arrahma.org |

I am pleased with Allah as (my) Lord, with Islam as (my) religion, and with Muhammadﷺ as (my) Prophet.

میں اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوا۔

## 9: سُبْحَانَ اللّٰهِ

Glorified is Allah.

پاک ہے اللہ۔

## 10: لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

There is no God except Allah Alone, no partner has He. To Him belongs the dominion and to Him belongs all praise and He is over all things All Powerful.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کے لیے تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## 11: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ

Glory be to Allah, and praise be to Him to the extent of the number of His creation and to the extent of His pleasure and to the extent of the weight of His Throne and to the extent of the ink of His words.

پاک ہے اللہ اور اسی کی تعریف ہے اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا کے برابر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔

12: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰي مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

O Allah, bestow mercy upon Muhammad ﷺ and the family of Muhammad ﷺ just as You bestowed mercy upon Ibrahim (A.S) and upon the family of Ibrahim (A.S). Verily, You are full of praise and majesty. O Allah, send blessings upon Muhammad ﷺ and upon the family of Muhammad ﷺ, just as You sent blessings upon Ibrahim(A.S) and upon the family of Ibrahim(A.S). Verily, You are the Most Praise worthy, the Most Glorious.

اے اللہ ! رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آلِ محمد ﷺ پر جس طرح رحمت نازل فرمائی تو نے ابراہیم پر اور آلِ ابراہیم پر، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے، اے اللہ ! برکت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آلِ محمد ﷺ پر جس طرح برکت نازل فرمائی تو نے ابراہیم پر اور آلِ ابراہیم پر، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے ۔

## 13: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

Glory be to Allah and His Praise.

پاک ہے اللہ اپنی خوبیوں سمیت۔

## 14: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

Glory be to Allah and Praise to Allah, and there is no God but Allah, and Allah is the Greatest.

پاک ہے اللہ اور ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

## 15: لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ (21:87)

There is no deity except You; exalted are You. Indeed, I have been of the wrongdoers.

کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے تیری ذات پاک ہے، بیشک میں ہی (اپنی جان پر) زیادتی کرنے والوں میں سے تھا۔

16: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ

الْعَظِيمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

There is no God except Allah Alone, the Most Generous, the Forbearing, glory be to Allah, Blessed be Allah, Lord of the mighty Throne and praise be to Allah the lord of the Worlds.

کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے جو حلیم ہے، کریم (کرم والا) ہے، پاکی ہے اللہ کی اور اللہ

بابرکت ہے جو عظیم عرش کا مالک ہے، تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے۔

17: أَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهُ وَإِلَيْكَ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ

O Lord, all praise belongs to You, and to You all matters return.

اے اللہ! ساری تعریف تیرے ہی لیے ہے، اور تمام معاملات تیری ہی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔

18 (Bazaar): لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِير

There is none worthy of worship besides Allah. He is all by Himself. He has no partner. His is the Kingdom, to Him is all praise. He gives and takes life. He is all by Himself. He will not die. In His hands is all good and He has control (power) over all things.

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی بادشاہت ہے اور وہی ہر قسم کی تعریف کے لائق ہے، وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور وہ خود ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے جسے کبھی موت نہیں، ہر قسم کی بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

19: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِاَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ

O Allah! I ask you by virtue that I testify that you are Allah; there is no God but You, the one —· the Self Sufficient Master, Who did not beget, and was not begotten, and to whom no one is equal.

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اس وسیلے سے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی اور معبود نہیں، تو تنہا اور ایسا بے نیاز ہے جس نے نہ تو جنا ہے اور نہ ہی وہ جنا گیا ہے اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے۔

20: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي

Praise to Allah and Glory be to Allah, and there is no God But Allah, and Allah is the Greatest and there is no power and no strength except with Allah. O Allah, forgive me my sins.

ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور پاک ہے اللہ اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

21: لَآ إِلٰهَ إِلَّا ٱللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ ٱللّٰهِ

There is no God but Allah, Muhammad ﷺ is the Messenger of Allah.

اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں۔ محمد ﷺ رسول اللہ ہیں۔

22: اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

O Allah, bestow your favor and peace upon our Prophet Muhammad

ﷺ

اے اللہ! ہمارے نبی محمد ﷺ پر رحمت اور سلامتی بھیج۔

23: اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلًا

Allah is Most Great and much praise be to Allah and glorified be Allah at the beginning and end of the day.

اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا اور کثرت سے تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور صبح وشام اللہ کی پاکی ہے۔

## 24: سُبْحَانَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

Glorified is Allah. All praises are for Allah. Allah is the greatest.

پاک ہے اللہ۔ سب تعریف اللہ کے لیے ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔

## 25: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ

Glory be to the Sovereign, the Most Holy.

پاک ہے وہ ذات جو حاکم مطلق ہے اور ہر اعتبار سے پاک ہے۔

## 26: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ ، أَشْهَدُ أَنْ لا إِلَهَ إِلا أَنْتَ ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

O Allah, You are free from every imperfection; praise be to You. I testify that there is no true god except You; I ask Your Pardon and turn to You in repentance.

پاک ہے تو اے اللہ! اور سب تعریف تیرے لیے ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔

## 27: لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ

There is no God except Allah Alone, no partner has He.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے۔

## 28: لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

None has the right to be worshipped but Allah and Allah is the Most Great.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (ابن ماجہ)

## 29: لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

There is no God except Allah Alone, no partner has He. To Him belongs the dominion and to Him belongs all praise.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کے لیے تمام تعریف ہے۔

30: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

There is no God except Allah Alone. There is no power and no strength except with Allah.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

31: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

There is no God except Allah Alone, no partner has He. To Him belongs the dominion and to Him belongs all praise, all good is in his hands and He is over all things All Powerful.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریف ہے، تمام خیر اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

32: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

There is no God except Allah Alone, no partner has He. To Him belongs the dominion and to Him belongs all praise, He brings life and He causes death, and He is over all things All Powerful.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کے لیے تمام تعریف ہے وہی زندہ کرتا اور وہی مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

33: سُبْحَانَ اللهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰه اَللهُ اَكْبَرُ

Glorified is Allah. All praises are for Allah. Allah is the greatest.

پاک ہے اللہ۔ سب تعریف اللہ کے لیے ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔

34: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْحَلِيمُ الْعَظِيمِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

There is no God except Allah Alone, the Most Generous, the Almighty. There is no God except Allah Alone, the Most Generous, Lord of the mighty Throne.

کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے جو حلیم ہے، عظیم ہے۔ کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے جو عظیم عرش کا مالک ہے۔

35: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ

There is no Deity besides Allah, the One who is Alone, the Conqueror, the Rabb of the heavens and the earth and all that is between them, the All-Mighty, the All-Forgiving.

"نہیں ہے کوئی معبود برحق، مگر اللہ، جو اکیلا اور زبردست ہے، آسمانوں، زمین اور ان دونوں کے درمیان والی تمام چیزوں کا رب ہے، وہ غالب اور بخشنے والا ہے۔

36: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ

Glory be to Allah, and Praise, Glory be to Allah, the Supreme. (100 times)

پاک ہے اللہ اپنی خوبیوں سمیت، پاک ہے اللہ بہت عظمت والا ہے۔ (صحیح مسلم)

37: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰي مُحَمَّدٍ وَعَلٰي آلِ مُحَمَّدٍ

O Allah, bestow mercy upon Muhammad ﷺ and the family of Muhammad ﷺ.

اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر (صحیح الجامع)

38: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ

Glory be to Allah, and praise be to Him to the extent of the number of His creation and to the extent of His pleasure and to the extent of the weight of His Throne and to the extent of the ink of His words.

پاک ہے اللہ اور اسی کی تعریف ہے اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا کے برابر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ (مسلم)

39: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ

Praise be to Allah to the amount of what He created, and praise be to Allah to the quantity that fills what He created, and praise be to Allah to the amount of what is in the earth and the heavens, and praise be to Allah to the amount of what is enumerated in His Book praise be to Allah to what fills in His Book, praise be to Allah to the amount of everything, praise be to Allah to that which fills everything.

میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں اسکی مخلوق کی گنتی کے برابر میں اور اللہ کی تعریف کرتا ہوں جس سے اسکی مخلوقات بھر جائیں، اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں ان چیزوں کی گنتی کے برابر جو آسمان اور زمین میں ہیں، اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں ان چیزوں کی گنتی کے برابر جنہیں اسکی کتاب نے شمار کیا ہے اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں اس پر جو اسکی کتاب نے شمار کیا ہے اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں ہر چیز کی گنتی کے برابر اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں، جس سے ہر چیز بھر جائے۔

40: لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي

There is no God except Allah Alone, no partner has He. To Him belongs the dominion and to Him belongs all praise and He is over all things All Powerful. Glorified is Allah, all praises are for Allah, Allah is the greatest. There is no power and no strength except with Allah. O Allah forgive me.

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کے لیے تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ پاک ہے اللہ، سب تعریف اللہ کے لیے ہے، اللہ



www.arrahma.org |

سب سے بڑا ہے۔ گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔
اے اللہ ! مجھے بخش دے۔

41: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِي الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا أَحْصَىٰ كِتَابُهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا أَحْصَىٰ كِتَابُهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ

Praise be to Allah to the amount of what He created, and praise be to Allah to the quantity that fills what He created, and praise be to Allah to the amount of what is in the earth and the heavens, and praise be to Allah to the amount of what is enumerated in His Book praise be to Allah to what fills in His Book, praise be to Allah to the amount of everything, praise be to Allah to that which fills everything.

میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں اسکی مخلوق کی گنتی کے برابر میں اور اللہ کی تعریف کرتا ہوں جس سے اسکی مخلوقات بھر جائیں، اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں ان چیزوں کی گنتی کے برابر جو زمین اور آسمانوں میں ہیں، اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں ان چیزوں کی گنتی کے برابر جنہیں اسکی کتاب نے شمار کیا ہے اور میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں اس پر جو اسکی کتاب نے شمار کیا ہے اور میں اللہ کی

تعریف کرتاہوں ہر چیز کی گنتی کے برابر اور میں اللہ کی تعریف کرتاہوں، جس سے ہر چیز بھر جائے۔

42: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ

There is no true deity except Allah, the Most Grand, the Ever Forbearing. There is no true deity except Allah, Lord of the magnificent Throne. There is no true deity except Allah, Lord of the heavens, Lord of the earth and Lord of the noble Throne.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بہت بڑا بہت برد بار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور عرش کریم کا رب ہے۔

43: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

There is no God But Allah, and Allah is the Greatest. Glory be to Allah and Praise to Allah, and there is no power and no strength except with Allah.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، پاک ہے اللہ اور ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

## 44:يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

O Ever-Living, O Self-Subsisting, by Your Mercy I seek (Your) assistance.

اے زندہ اور قائم رہنے والے، تیری رحمت کے سبب سے فریاد کرتا ہوں۔

## 45: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ أَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰي مُحَمَّدٍ وَّ أَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (صحیح بخاری)

O Allah, bestow Your favor on Muhammad and his wives and progeny as You have bestowed Your favor upon the family of Ibrahim. And bless Muhammad and his wives and progeny as You have blessed the family of Ibrahim, You are full of praise, Most Glorious.

اے اللہ! محمد اور آپ کی ازواج اور آپ کی اولاد پر اپنی اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی ازواج اور آپ ﷺ کی اولاد پر جس طرح رحمت نازل فرمائی تو نے آلِ ابراہیم علیہ السلام پر۔ اور برکت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی ازواج اور آپ ﷺ کی اولاد پر جس طرح برکت نازل فرمائی تو نے آلِ ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

46: سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، مَا شَاءَ اللَّهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ، أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، وَأَنَّ اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا

Glory be to Allah, and I begin with praise of Him; there is no power but in Allah ; what Allah wills comes to pass and what He does not will does not come to pass; I know that Allah is Omnipotent and that Allah has comprehended everything in knowledge.

اللہ پاک ہے اپنی حمد کے ساتھ۔ نیکی اور خیر اللہ تعالیٰ کی توفیق کے بغیر ممکن نہیں۔ جو اللہ چاہتا ہے ہو جاتا ہے اور جو نہیں چاہتا نہیں ہوتا۔ بے شک اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے اور اس کا علم ہر شے کو اپنے گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔

47: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ

Praise be to Allah Who has clothed me with this and provided me with it through no might and power on my part.

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے یہ عنایت فرمایا۔

## 48: بِسْمِ اللّٰهِ توَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

I begin with the Name of Allah; I trust in Allah; there is no altering of conditions but by the Power of Allah.

میں نے اللہ کے نام سے شروع کیا، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

## 49: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

None has the right to be worshipped but Allah and Allah is the Most Great, There is none worthy of worship except Allah alone, There is none worthy of worship except Allah with no partner or associate, There is none worthy of worship except Allah, all dominion is His and all praise is to Him, There is none worthy of worship and there is no power and no strength except with Allah.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے لیے ہی بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تعریف ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

50: اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ رَبُّ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ، لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُورُ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ، قَوْلُكَ الْحَقُّ، وَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ الْحَقُّ، اللَّهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ،

وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ

وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ إِلَهِي، لَا إِلَهَ لِي غَيْرُكَ

O Allah! To You belongs all praise. You are the Lord of the heavens and the earth. To You belongs all praise. You are the Sustainer of the heavens and the earth and all that is in them. To You belongs all praise. You are the Light of the heavens and the earth. Your word is the truth, Your promise is true, the meeting with You is true, Paradise is true, Hell is true, the Hour is true.

O Allah! To You, I have submitted, in You I have believed, upon You I have placed my trust, to You I turn in repentance, and by Your guidance, I argue (against falsehood), and to You, I refer for judgment. So forgive me for what I have sent ahead (of my sins) and what I have delayed, what I have concealed and what I have made apparent. You are my God; there is no deity worthy of worship except You.

اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں، تو آسمانوں اور زمین کا رب ہے، تیرے ہی لیے تمام تعریفیں ہیں، تو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے، سب کا نگہبان ہے، تیرے لیے تمام تعریفیں ہیں، تو آسمانوں اور زمین کا نور ہے، تیرا کلام حق ہے، تیرا وعدہ سچا ہے، تجھ سے ملاقات برحق ہے، جنت برحق ہے، جہنم برحق ہے، قیامت برحق ہے۔

اے اللہ! میں نے خود کو تیرے سپرد کر دیا، تجھ پر ایمان لایا، تجھ پر بھروسہ کیا، تیری طرف رجوع کیا، تیرے لیے جھگڑا کیا، اور تیرے ہی فیصلے کو مانا، پس تو میرے ان تمام گناہوں کو معاف کر دے

جو میں نے کیے اور جو ابھی باقی ہیں، جو میں نے چھپائے اور جو ظاہر کیے۔ تو ہی میرا معبود ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔